بینک دولت پاکستان

شعبہ نظامِ ادائیگی پالیسی اور نگرانی

آئی آئی چندریگر روڈ

**پی ایس پی اور او ڈی سرکلر لیٹر نمبر 01 برائے 2024ء**     **29 نومبر 2024ء**

صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز

زیرِ ضابطہ کاری ادارے (بینک / مائیکروفنانس بینک / الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز / پبلک سروس آپریٹرز / پبلک سروس پرووائیڈرز)

## راست فرد سے تاجر (P2M) ادائیگی قبولیت کی سروس

براہِ مہربانی مذکورہ موضوع پر "راست فرد سے تاجر (P2M) سروس کا افتتاح" کے متعلق پی ایس پی اینڈ او ڈی سرکلر نمبر 04 برائے 2023ء ملاحظہ فرمائیے۔

2۔ اس ضمن میں، فیصلہ کیا گیا ہے کہ زیرِ ضابطہ کاری تمام ادارے (REs) یہ یقینی بنائیں گے کہ ان کے موجودہ کھاتے دار جو اپنے صارفین کو اِن اسٹور اور / یا آن لائن شاپنگ کی خدمات فراہم کر رہے ہیں، وہ 31 مارچ 2025ء تک مذکورہ سرکلر کے مطابق راست P2M ڈیجیٹل ادائیگی قبولیت کی خدمات کی سہولت کو فعال کریں گے۔

3۔ مزید برآں، زیرِ ضابطہ کاری ادارے یہ یقینی بنائیں گے کہ تمام نئے بینک تاجر / کاروباری ادارے اپنے آن بورڈنگ طریقہ کار کے حصے کے طور پر راست P2M خدمات کی سہولت فراہم کریں۔

4۔ زیرِ ضابطہ کاری ادارے ان خدمات کو خود راست P2M کے ساتھ براہ راست ربط یا اسٹیٹ بینک کی زیرِ ضابطہ کاری ای ایم آئی / پی ایس او / پی ایس پی سے شراکت داری کے ذریعے فراہم کریں گے۔

5۔ زیرِ ضابطہ کاری تمام ادارے ضمیمہ الف کے مطابق ماہانہ پیش رفت کی رپورٹ PSDOversight@sbp.org.pk پر ہر اگلے ماہ کی 5 ویں تاریخ کو جمع کروائیں گے۔ اس ضمن میں پہلی رپورٹ کی مقررہ تاریخ 05 جنوری 2025ء ہے۔

6۔ ان ہدایات پر عمل درآمد میں ناکامی کی صورت میں نظام ادائیگی اور الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر ایکٹ 2007ء کی متعلقہ دفعات کے تحت تادیبی / ضوابطی کارروائی کی جائے گی۔

منسلکہ: ضمیمہ الف

آپ کا مخلص

**(قاضی شعیب احمد)**

ڈائریکٹر